نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہر گز کاشت نہ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 07 مئی 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار 20 مئی سے قبل پنیری ہر گز کاشت نہ کریں۔ترجمان نے مزید بتایا کہ پنجاب زرعی پیسٹ آرڈیننس 1959ء کے تحت دھان کی پنیری کی کاشت 20 مئی سے قبل ممنوع ہے کیونکہ دھان کے تنے کی سنڈیاں موسم سرما مڈھوں میں سرمائی نیند سو کر گزارتی ہیں اور ان کے پروانے مارچ کے آخر اور اپریل کے شروع میں نکلتے ہیں اگر 20 مئی سے قبل پنیری کاشت کی گئی ہو تو یہ پروانے اس پر انڈے دے کر اپنی نسل کا آغاز کر دیتے ہیں جو کہ علاقہ میں وبائی صورت بھی اختیار کر لیتے ہیں اور دھان کی فصل بری طرح متاثر ہونے کا باعث بنتے ہیں۔لہٰذا دھان کے کاشتکار قبل از وقت پنیری کی کاشت سے گریز کریں۔

☆☆☆☆